اسلام آباد (اے پی پی) پاکستانی نژاد برطانوی آرچر دانیال بلال عالمی آرچری کپ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ پاکستان آرچری فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل وصال محمد خان نے بتایا کہ عالمی آرچری کپ یکم جولائی سے برلن میں شروع ہوگا جس میں دنیا بھر سے آرچرز شرکت کریں گے۔ یہ ٹورنامنٹ 7 جولائی تک جاری رہے گا۔ وصال محمد خان نے امید ظاہر کی کہ دانیال بلال عالمی آرچری کپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دانیال بلال عالمی کپ کی تیاری کے سلسلہ میں برطانیہ میں تربیت کررہے ہیں۔

انٹر ڈویژن آرچری چیمپئن شپ آئندہ ماہ مری میں منعقد ہوگی

راولپنڈی (اے پی پی) سپورٹس بورڈ پنجاب اور پنجاب آرچری ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام انٹر ڈویژن آرچری چیمپئن شپ آئندہ ماہ مری میں منعقد ہوگی۔ سپورٹس بورڈ پنجاب کے مطابق چیمپئن شپ 2 جولائی کو مری میں شروع ہوگی جس میں مرد و خواتین کے مقابلوں کا انعقاد ہوگا۔ چیمپئن شپ میں راولپنڈی، گوجرانوالہ، لاہور، سرگودھا، فیصل آباد، ملتان، ساہیوال اور بہاولپور کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔

بیڈمنٹن کا سمر کیمپ یکم جولائی سے شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی کے زیر اہتمام اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی کے تعاون سے پندرہ روزہ بیڈمنٹن کا سمر کیمپ یکم جولائی سے شہباز سپورٹس کمپلیکس راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی کے سربراہ مطاہر کنول نے بتایا کہ سمر کیمپ میں راولپنڈی ڈویژن کے مرد و خواتین کھلاڑی اور سکول، کالجز اور یونیورسٹی کے طلباء و طالبات حصہ لے سکتے ہیں جن میں راولپنڈی، اٹک، جہلم اور چکوال شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمر کیمپ میں شرکت کرنے کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی 25 جون تک اپنے اپنے ناموں کا اندراج فون نمبر 0321-5354000 پر کروا سکتے ہیں۔ مطاہر کنول نے کہا کہ اس سمر کیمپ سے سکول کالجز کے طلباء و طالبات کو سیکھنے کا موقع ملے گا اور نوجوان اس کیمپ کے دوران فائدہ اٹھا سکتے ہیں کیونکہ یہ سمر کیمپ تعلیمی اداروں میں گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جارہا ہے۔

رائل اسکوٹ ہارس فیسٹیول میں شریک مہمان خاتون فوٹو گرافرز کیلئے خصوصی پوز دے رہی ہیں۔

شعیب اختر ثانیہ مرزا کے دفاع کیلئے میدان میں آگئے

قومی ٹیم غلط فیصلوں کی وجہ سے میچ ہاری، اس میں ثانیہ کا کیا قصور ہے، پیسر کا ویڈیو پیغام

اسلام آباد (آئی این پی) راولپنڈی ایکسپریس شعیب اختر بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا کے دفاع کیلئے میدان میں آگئے۔ شعیب اختر کا اپنے یوٹیوب چینل پر اپلوڈ کردہ ایک ویڈیو میں کہنا تھا کہ میں سمجھتا ہوں ثانیہ مرزا کی بدقسمتی ہے کہ انہیں بلاوجہ بھارت اور پاکستان کی جانب سے تنقید کا نشانہ بنایا جاتا رہتا ہے۔ پہلے انہیں شعیب ملک سے شادی پر دونوں ملکوں میں برا بھلا کہا گیا، اب ورلڈکپ کے اہم میچ میں پاکستان کی بھارت سے ہار پر بھی ثانیہ مرزا کیخلاف محاذ کھڑا کیا جارہا ہے اور تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ شیشہ بار کی ویڈیو کے حوالے سے شعیب اختر نے کہا کہ ثانیہ مرزا اور شعیب ملک میاں بیوی ہیں، اگر انہوں نے ہوٹل میں ایک ساتھ کھانا کھا بھی لیا تو کیا ہوگیا اس میں اتنا شور مچانے کیا ضرورت ہے، پاکستانی ٹیم اپنی بدترین کارکردگی اور غلط فیصلوں کی وجہ سے میچ ہاری ہے اس میں ثانیہ کا کیا قصور ہے۔ شعیب اختر کا مزید کہنا تھا کہ انہیں شعیب ملک کی خراب کارکردگی پر ان پر تنقید کرنی چاہئے لیکن ان کی فیملی اور بچے کو میچ میں کیوں لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے بہت دکھ ہوتا ہے جب بلاوجہ کسی پر تنقید کی جائے، سوشل میڈیا صارفین دوسروں پر انگلیاں اٹھاتا اور ہر کسی پر تنقید کرنا صرف اسلئے اپنا حق سمجھتے ہیں کیوں کہ ان کے پاس سوشل میڈیا کا اکاؤنٹ ہے، اگر آپ سوشل میڈیا صارف ہیں تو کیا کچھ بھی کہہ دینا آپکا حق ہے؟

دوسری بیچ ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ 29 جون سے صوابی میں شروع ہوگی

پشاور (این این آئی) دوسری بیچ ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ 29 جون سے صوابی میں شروع ہوگی۔ تین روزہ منعقدہ اس چیمپئن شپ میں صوبے بھر سے کھلاڑی شریک ہوں گے۔ محکمہ کھیل کے تعاون سے خیبر پختونخوا ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کی گرینڈ ڈسٹرکٹ صوابی ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ضلع صوابی کے علاقہ ڈاکٹر بی میں آبامین کے کنارے منعقدہ اس تین روزہ بیچ ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد کیلئے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں۔ پاکستان ٹیبل ٹینس فیڈریشن کے نائب صدر اور بیچ چیمپئن شپ کے آرگنائزر شہزادہ اسلام یوسفزئی کے مطابق آبامین کے کنارے مسلسل دوسری مرتبہ ہونے والی اس چیمپئن شپ میں پشاور، کوہاٹ، مردان، ڈی آئی خان، ایبٹ آباد، ہری پور، ملاکنڈ، سوات، دیر بالا اور دیر لوئر سمیت ضلع صوابی کے کھلاڑی بھی بھرپور تیاریوں کیساتھ حصہ لیں گے۔

ویمنز ورلڈکپ، انگلینڈ کا گروپ میں پہلی پوزیشن پر قبضہ

آخری میچ میں جاپان کو 0-2 سے شکست، ارجنٹائن اور سکاٹ لینڈ کا میچ 3-3 سے برابر

پیرس (اے پی پی) انگلینڈ کی فٹ بال ٹیم فتوحات برقرار رکھتے ہوئے ویمنز ورلڈکپ فٹ بال ٹورنامنٹ پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی۔ فرانس میں جاری میگا ایونٹ میں کھیلے گئے گروپ ڈی کے پہلے میچ میں انگلینڈ کی ویمن ٹیم نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے دفاعی چیمپئن جاپان کی ویمن ٹیم کو 0-2 گول سے شکست دے کر مسلسل تیسری کامیابی حاصل کی اور اس کے ساتھ ہی پری کوارٹر فائنل مرحلہ کھیلنے کا اعزاز بھی حاصل کرلیا۔ انگلینڈ ٹیم کی کھلاڑی ... نے انفرادی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ انگلینڈ کی طرف سے دونوں گول ... نے سکور کئے۔ جاپان کی ٹیم نے گول کرنے کی بھرپور کوشش کی تاہم اس میں کامیاب نہ ہوسکی۔ اسی گروپ کے دوسرے میچ میں ارجنٹائن اور سکاٹ لینڈ آمنے سامنے تھیں دونوں ٹیموں کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوا اور میچ 3-3 گول کی برابری پر ختم ہوگیا۔

عالمی کپ، قومی ٹیم اتوار کو جنوبی افریقہ سے پنجہ آزما

پاکستان کا آگے کی جانب سفر انتہائی کٹھن، ٹیم کے پاس جیت کے سوا کوئی آپشن نہیں

لارڈز (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے زیر اہتمام عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں پاکستان کرکٹ ٹیم اپنا چھٹا میچ جنوبی افریقہ کے خلاف 23 جون کو کھیلے گی، دونوں ٹیموں کے درمیان میچ پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ شیڈول کے مطابق پاکستانی ٹیم چھٹا میچ 23 جون کو جنوبی افریقہ کے خلاف لارڈز میں کھیلے گی، ساتواں میچ 26 جون کو نیوزی لینڈ کے خلاف برمنگھم میں کھیلے گی، آٹھواں میچ 29 جون کو افغانستان کے خلاف لیڈز کے مقام پر کھیلے گی جبکہ نواں میچ بنگلہ دیش کے خلاف 5 جولائی کو لارڈز کے مقام پر کھیلے گی۔ دوسری جانب ورلڈکپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں ناقص کارکردگی کے بعد پاکستان ٹیم کا سفر مزید مشکل ہوگیا ہے۔ ماہرین کے مطابق بقیہ میچز میں پاکستان کے پاس غلطی کی گنجائش بھی نہیں ہے۔ ورلڈکپ کرکٹ میں ٹیم پاکستان اور جنوبی افریقہ کا آگے کی جانب سفر انتہائی کٹھن ہوگیا ہے، دونوں کے پاس اب سوائے جیت کے کوئی آپشن نہیں ہے۔ ماہرین کے مطابق ورلڈکپ میں موجود رہنے کے لیے جنوبی افریقہ کی ٹیم کو بھی اپنے تمام میچز جیتنے ہیں، یعنی اس کے پاس بھی غلطی کی گنجائش موجود نہیں ہے۔ دونوں ٹیموں کے پانچ پانچ میچز میں تین تین پوائنٹس ہیں جبکہ نیوزی لینڈ اور بھارت نے چار چار میچز کھیلے ہیں دونوں کے سات سات پوائنٹس ہیں۔ ایونٹ کی دیگر 8 ٹیمیں پانچ پانچ میچز کھیل چکی ہیں لیکن ابھی تک سیمی فائنل تک رسائی کسی کی بھی پکی نہیں ہوئی ہے۔ البتہ افغانستان کی ٹیم اس ریس سے باہر ہوچکی ہے۔

چیف کیپٹل پولیس پشاور ٹینس چیمپئن شپ شروع ہوگئی

انڈر 14 کیٹیگری میں کاشان، حمزہ، مینز ڈبلز ثاقب عمر، عباس خان نے فتح اپنے نام کی

پشاور (این این آئی) چیف کیپٹل پولیس پشاور ٹینس چیمپئن شپ پولیس لائن میں شروع ہوگئی، تین روزہ چیمپئن شپ میں انڈر 14، مینز ڈبلز اور ویٹرن ڈبلز کے مقابلے کھیلے جارہے ہیں۔ محکمہ پولیس کے زیر اہتمام ملک سعد پولیس لائن پشاور کے ٹینس کورٹ پر جاری اس چیمپئن شپ میں گزشتہ روز متعدد میچز کھیلے گئے، انڈر 14 کے سنگل ایونٹ میں کاشان عمر نے ارسلان خان کو 2-6، 1-6 سے ہرا کر اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا جبکہ حمزہ رومان نے حبیب اللہ کو 3-6، 2-6 سے شکست دی، اسی طرح کامران خلیل نے شاہ سوار خان کو 4-6، 4-6 سے، عزیر خان نے افضل خان کو 1-6، 1-6 سے ہرایا۔ مینز ڈبلز میں ایس این جی پی ایل سے تعلق رکھنے والے ثاقب عمر اور خیبر پختونخوا کے عباس خان نے خیبر پختونخوا پولیس کے افتخار احمد اور اظہر خان کو 3-6، 3-6 سے، شاہ کرم اللہ اور راشد خان نے شہریار خان اور حیات اللہ کو 2-6، 4-6 سے جبکہ واپڈا کے جہانزیب خان اور اکرام اللہ نے کاشان عمر اور عزیر کو 4-6، 4-6 سے شکست دی، اسی طرح ویٹرن کے ڈبلز کیٹیگری کے میچ میں صادق بلوچ اور سراج انور نے تقدیر اور اظہر خان کو 2-6، 2-6 سے ہرایا، کرنل خالد اور نوید بابر نے راشد فاروق کو 3-6، 3-6 سے، حبیب اور آصف خان کی جوڑی نے عامر ایڈووکیٹ اور شاہد خان کو 3-6، 5-7 شکست دیکر اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا۔

اے ایف ایل میں ہتھورن ہاکس اور ایسنڈن بمبرز کے کھلاڑی ایک دوسرے سے بال چھین رہے ہیں۔

ایشین تھرو بال چیمپئن شپ 26 جولائی سے ملائیشیا میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ایشین تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام ایشین تھرو بال چیمپئن شپ 26 جولائی سے ملائیشیا میں شروع ہوگی۔ ایشین تھرو بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل شکیل آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں ایشیائی ممالک کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ 25 جولائی کو چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کے منیجرز کی میٹنگ ہوگی جس میں چیمپئن شپ کے قوانین کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا اور چیمپئن شپ 29 جولائی تک جاری رہے گی جس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑی میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

گورننگ بورڈ اجلاس میں پی ایس ایل مکمل نظر انداز

لاہور (آئی این پی) پی سی بی کے 54 ویں گورننگ بورڈ اجلاس میں پاکستان سپر لیگ کو مکمل نظر انداز کردیا گیا جس کا آئندہ مکمل ایڈیشن پاکستان میں کرانے کی پلاننگ کی جارہی ہے۔ اجلاس کے دوران منیجنگ ڈائریکٹر پی سی بی وسیم خان نے اپنی بریفنگ میں انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے علاوہ وارہ کشائرز کاؤنٹی سے معاہدوں سے متعلق آگاہ کیا لیکن اس پہلو کی کوئی وضاحت نہیں ہو سکی کہ وہ اپنے حالیہ انگلش ٹور کے دوران ای سی بی حکام اور غیر ملکی کھلاڑیوں کو اس بات پر آمادہ کرسکے یا نہیں کہ وہ مکمل پی ایس ایل سیزن پاکستان میں کھیل سکتے ہیں جہاں اب حالات ماضی کے مقابلے میں کافی بہتر ہوچکے ہیں۔ وسیم خان نے اجلاس کے دوران بتایا کہ ان کی ای سی بی کے ایک آفیشل سے بات ہوئی ہے جس کے تحت 2020 سے پاکستانی فرسٹ کلاس امپائرز انگلینڈ میں کاؤنٹی کرکٹ کے سیکنڈ الیون میچز میں فرائض کی ادائیگی کریں گے۔ انہوں نے وارہ کشائرز کاؤنٹی سے اصولی شراکت سے متعلق بھی آگاہ کیا کہ کس ایکسچینج پروگرام کے تحت نوجوان کھلاڑیوں اور کوچز کو تربیت فراہم کی جائے گی جس کی تفصیلات بعد میں سامنے لائی جائیں گی تاہم مختلف ممالک کے کرکٹ بورڈز سے ہونے والے اسی نوعیت کے معاہدوں کی بدولت پاکستان کرکٹ کو مضبوط بنانے کا موقع مل سکے گا۔

ٹیم میں انتشار کی اطلاعات تکلیف دہ، محسن خان

میدان کے اندر کارکردگی اچھی نہیں، باہر بھی عزت خراب نہیں کی جانی چاہیے، سابق کرکٹر

لاہور (آئی این پی) سابق ٹیسٹ کرکٹر محسن خان کا کہنا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم میں انتشار کی اطلاعات تکلیف دہ ہیں۔ ایک انٹرویو میں سابق ٹیسٹ کرکٹر، سلیکٹر و کوچ محسن خان نے کہا ہے کہ قومی ٹیم میں اختلافات کی باتیں بڑی تکلیف دہ ہیں، میدان کے اندر کارکردگی اچھی نہیں، باہر بھی عزت خراب نہیں کی جانی چاہیے، کوچ اور کپتان کا کام میدان میں ہوتا ہے، باہر کی سرگرمیوں پر نظر رکھنا منیجر کی ذمہ داری ہے، کھلاڑی مختلف مزاج کے ہوتے ہیں، اس کو سمجھتے ہوئے معاملات کو کنٹرول میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ہر سیریز میں ناکامی کے بعد کہا جاتا تھا کہ ورلڈکپ کی تیاری کررہے ہیں، اس وقت بھی میں کہتا رہا کہ بھونڈے جواز نہ تراشیں، اپنی غلطیوں کو سدھاریں، اگر کوشش کی ہوتی تو آج یہ صورتحال نہ ہوتی، فتوحات کیلئے کھلاڑیوں میں جذبہ، عزم اور ڈسپلن کا ہونا ضروری ہے، مجھے یہ تینوں چیزیں نظر نہیں آرہیں۔ ایک سوال پر محسن خان نے کہا کہ موجودہ کوچنگ اسٹاف کو رمیز راجہ اور وسیم اکرم لیکر آئے، جن لوگوں کو اپنے حلقوں نے مسترد کردیا، انہیں ہم نے ذمہ داریاں سونپ دیں۔ شعیب اختر نے کہا کہ اب اطلاعات آرہی ہیں کہ ورلڈکپ کے بعد ٹیم مینجمنٹ اور کھلاڑیوں کی اکھاڑ پچھاڑ ہوگی، جو لوگ ان کو لائے تھے، وہی اب نکالنے کے فیصلے کریں گے، میرا سوال یہ ہے کہ ان کو لانے والے خود کیوں بچ جائیں گے۔

ایل پی جی اے کلاسک میں جرمن گالفر شاٹ لگانے کے بعد شائقین کی داد کا جواب دے رہی ہے۔

برائن برادرز کوئنز کلب ٹینس کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی

امریکی ٹینس جوڑی نے جوڈی اوماراور لیوک بامبرج کو 7-6 اور 6-4 سے ٹھکانے لگایا

لندن (اے پی پی) باب برائن اور مائیک برائن پر مشتمل امریکی جوڑی کوئنز کلب ٹینس چیمپئن شپ مینز ڈبلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی۔ انہوں نے ایونٹ کے پری کوارٹر فائنل میچ میں برطانوی جوڑی کو شکست دی۔ انگلینڈ میں جاری ایونٹ میں مینز ڈبلز پری کوارٹر فائنل میچ میں امریکی بھائیوں پر مشتمل جوڑی نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے جوڈی او مارا اور لیوک بامبرج کو سٹریٹ سیٹس میں 7-6 (1-7) اور 6-4 سے مات دیکر ایونٹ کے کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ دوسری جانب پولینڈ کے لوکاس کیبوٹ اور اگلے برازیلین جوڑی دار مارسیلو میلو کی فتوحات برقرار رہیں ویمبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ مینز ڈبلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ مینز ڈبلز پری کوارٹر فائنل میچ میں پولینڈ کے لوکاس کیبوٹ اور اگلے برازیلین جوڑی دار مارسیلو میلو پر مشتمل ایونٹ کی ٹاپ سیڈڈ جوڑی نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے ہالینڈ کے ویسلے کولوف اور اگلے ہم وطن جوڑی دار میٹوی میڈیل کوپ کو سٹریٹ سیٹس میں 6-3 اور 6-2 سے ہرا کر ایونٹ کے کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

لیاقت باغ کراٹے سینٹر نے کراٹے چیمپئن شپ جیت لی

ایونٹ میں جہلم نے دوسری، شہباز شریف سپورٹس کمپلیکس نے تیسری پوزیشن حاصل کی

راولپنڈی (اے پی پی) لیاقت باغ کراٹے سینٹر کی ٹیم نے پہلی اوپن انٹر کراٹے چیمپئن شپ 2019 کا ٹائٹل جیت لیا۔ جہلم نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ تفصیلات کے مطابق چیمپئن شپ ڈسٹرکٹ جہلم کراٹے ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام گزشتہ روز جہلم سپورٹس کمپلیکس میں کھیلی گئی جس میں راولپنڈی کی 13 ٹیموں نے حصہ لیا۔ لیاقت باغ کراٹے سینٹر کی ٹیم نے ایونٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور پہلی پوزیشن حاصل کی۔ جہلم کی ٹیم نے دوسری اور شہباز شریف سپورٹس کمپلیکس نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

افغان کرکٹرز کا ہوٹل میں غیر متعلقہ شخص سے جھگڑا، پولیس بلانا پڑی

لندن (این این آئی) افغانستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی، انگلینڈ کے خلاف میچ سے قبل مانچسٹر کے ہوٹل میں لڑ پڑے جس کے بعد پولیس کو طلب کرنا پڑا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق افغان کھلاڑی دو روز قبل شب مانچسٹر کے ایک ہوٹل میں کھانا کھانے گئے جہاں ایک غیر متعلقہ شخص نے ان کی ویڈیو بنانے کی کوشش کی، جس پر کھلاڑیوں کا اس سے جھگڑا ہوا۔ مانچسٹر پولیس کے مطابق واقعہ رات سوا 11 بجے پیش آیا جس کے بعد کھلاڑی ہوٹل سے چلے گئے تاہم پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کردی ہیں تاہم کسی کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ یاد رہے ورلڈکپ کے میچ میں انگلینڈ نے افغانستان کو 150 رنز سے شکست دی تھی۔ میچ میں شکست کے بعد افغان کپتان گلبدین نائب کی پریس کانفرنس کے دوران جب صحافیوں نے گزشتہ شب پیش آنے والے واقعے پر سوالات کیے تو انہوں نے واقعے سے لاعلمی کا اظہار کیا۔

سکواڈ ینگ ٹیکرز اقبال اکیڈمی سمر کیمپ لگائے گی

کراچی (این این آئی) سکواڈ ینگ ٹیکرز اقبال اکیڈمی تحت اسکول کے طلباء و طالبات کیلئے سمر کیمپ 2019 گلشن بلاک 5 میں شروع ہوگا جو کہ ایک ماہ تک جاری رہے گا۔ سمر کیمپ میں طلباء و طالبات کو فائن آرٹ، آرچری، فٹبال، جوڈو، کراٹے اور سوئمنگ کی تربیت اور خود اعتمادی میں اضافے کیلئے پرسنالٹی ڈویلپمنٹ کورسز کروائے جارہے ہیں۔ اقبال سے خاص لگاؤ کے تحت بے شمار بچوں نے فٹبال کھیل کی تکنیک سیکھنے کیلئے رجسٹریشن کروائی جبکہ دیگر کھیلوں میں بھی بچوں کی بڑی تعداد حصہ لے رہی ہے۔ ... کے تعاون سے جاری سمر کیمپ میں بچوں میں کافی جوش و خروش پایا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ینگ ٹیکرز اقبال اکیڈمی کے بانی ... نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شدید گرمی کے باوجود بچوں میں کھیلوں سے خصوصی لگاؤ قابل دید ہے۔ تعلیم کے ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں بھی ضروری ہیں۔ کوچ جلال خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سمر کیمپ بچوں کی ذہنی و جسمانی صلاحیتوں میں اضافے کا سبب بنے گا۔ اسسٹنٹ کوچ ... نے کہا کہ کھیلوں کی تربیت میں خصوصی تکنیک سے آگاہی ضروری ہے۔

آئی ایس یو فگر اسکیٹنگ گراں پری میں ... اسکیٹر مظاہرہ کر رہی ہے۔

پاکستانی بنو، پاکستانی اشیاء خریدو، خبریں گروپ کی مہم میں مکتبہ فکر شامل

پاکستانی بنیے، پاکستانی اشیاء خریدیے وطن سے محبت کی آواز ہے: پرویز الٰہی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی نے چینل فائیو کی مہم پاکستانی بنیے پاکستانی خریدیے کو خوش آمد
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26

خبریں و چینل ۵ کی مہم قابل قدر، غیر ملکی مصنوعات کا بائیکاٹ ہونا چاہیے: احسن اقبال

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کے رہنما احسن اقبال نے چینل فائیو و خبریں گروپ کی مہم کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27

پاکستانی کپڑا پہنیں، پاکستانی مال خریدیں مالیاتی خسارہ ختم ہو جائے گا: شہزاد اکبر

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مشیر وزیراعظم شہزاد اکبر نے کہا ہے کہ پاکستان میں خسارہ کی وجہ ادارہ غیر ملکی مصنوعات استعمال کرنا
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28

ہمیں پاکستانی ہونے، پاکستانی اشیاء خریدنے پر فخر کرنا چاہیے: راجہ پرویز اشرف

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے چینل فائیو کی مہم کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستانیوں کو پاکستان کا فخر
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29

خبریں گروپ کی پاکستانی بنو، پاکستانی خریدو مہم بہت اچھا اقدام ہے: ظہیر الدین

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ق کے رہنما ظہیر الدین چوہدری نے کہا ہے کہ خبریں میڈیا گروپ نے بہت اچھا قدم اٹھایا
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30

پاکستانی بنو، پاکستانی خریدو تاکہ ڈالر کی قیمت نیچے آئے: مہندر پال سنگھ

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کے رہنما مہندر پال سنگھ نے کہا ہے کہ قوم سے اپیل ہے کہ پاکستانی پاکستانی
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31

ہائی کورٹ نے ٹھیک کہا ہے کہ انہیں عدالت سے علاج کیلئے 6 ہفتے کی مہلت دی گئی تھی جس کے دوران انہوں نے انجیوگرافی تک نہیں کرائی

نواز شریف ثابت نہیں کر سکے کہ ان کا علاج صرف بیرون ملک ہی ممکن ہے: ضیا شاہد

میرے خیال میں وہ اس غلط فہمی میں رہے کہ انہیں لندن جا کر علاج کرانے کی اجازت مل جائیگی، ان کی حکمت عملی درست نہیں تھی

نواز شریف کے ذاتی معالج ڈاکٹر عدنان کے ٹویٹ سامنے آتے رہتے ہیں کہ انہیں مستقل نگہداشت اور علاج کی ضرورت ہے، جو بیرون ملک ہی ہو سکتا ہے

نواز شریف، ان کی صاحبزادی اور افراد خانہ کو خوامخواہ ضد نہیں کرنی چاہیے سیاستدانوں میں بیماریوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنیکی ایک تاریخ ہے

اچھا ہے رویے بدلے ہیں اور پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن اور حکومت نے ایک دوسرے کی بات سننے کا رویہ اپنایا ہے

بجٹ کے حوالے سے اپوزیشن کا پرچار ابھی وہیں ہے کہ بجٹ منظور نہیں ہونے دینگے حالانکہ حکومت کے پاس بجٹ پاس کرانے کیلئے پوری نمبر گیم موجود ہے

اسد عمر نے پارلیمنٹ میں عوام کے مفاد میں بات کی، ہر ممبر خواہ حکومتی ہو یا اپوزیشن کا حق حاصل ہے کہ وہاں کھل کر بات کرے

آصف زرداری نے ایک بار پھر پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا، ان کا اندازہ بالکل غلط ثابت ہوا کہ ان کی یا فریال کی گرفتاری پر سندھ میں بڑا رد عمل ہو گا

پیپلز پارٹی کے ایک ٹی وی ٹاک شو میں کہتے ہیں زرداری گروپ نے ابھی تک کسی بھی سطح پر کوئی احتجاج نہیں کیا کہ زرداری پر الزامات غلط ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چینل ۵ کے تجزیوں و تبصروں پر مشتمل پروگرام "ضیا شاہد کے ساتھ" میں گفتگو کرتے ہوئے سینئر صحافی و تجزیہ کار ضیا شاہد نے کہا ہے کہ پچھلی دفعہ جب نواز شریف کو 6 ہفتے کی ضمانت ملی تھی، میں نے کہا تھا کہ میاں نواز شریف اس خیال سے وہ باہر جانا چاہتے تھے اس لئے انہوں نے یہاں نہ انجیو گرافی کرائی نہ کوئی سنجیدگی سے اپنا کوئی
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1

شریف برادران کی بیماریاں بھی حسب ضرورت سامنے آتی ہیں: کامل علی آغا

شہباز شریف نے ایوان میں 3 گھنٹے کھڑے ہو کر تقریر کی، کمر درد غائب تھی

مریم نواز کے بیانات موسم کے ساتھ بدلتے ہیں اس لئے لوگ انہیں سنجیدگی سے نہیں لیتے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ق لیگ کے سینیٹر کامل علی آغا نے کہا ہے کہ شریف خاندان کو ہمیشہ ماضی میں عدالتوں سے ریلیف ملتا رہا ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ اس بات پر
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2

شعیب اختر کی سونالی باندرے، دیا مرزا کیساتھ معاشقوں کی تردید

سونالی سے آج تک ملاقات نہیں، کینسر کیخلاف جنگ دیکھ کر ان کا مداح ہو گیا تھا: شعیب اختر

میرا نام دیا مرزا کیساتھ جوڑا گیا کہ میں اسکے ساتھ شادی کر رہا ہوں، اس کا علم بھی خبروں سے ہوا: بیان

راولپنڈی (این این آئی) سابق فاسٹ باؤلر شعیب اختر نے اپنے اور بھارتی اداکارہ سونالی باندرے سے متعلق خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ شعیب اختر نے ایک ویڈیو پیغام میں اپنے اور سونالی سے متعلق خبروں پر خاموشی توڑتے ہوئے خبروں کو افواہیں اور من گھڑت
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15

محکمہ برقیات نے ریکوری کیلئے ٹیمیں تشکیل دیدی ہیں: خالد صدیق

صارفین اپنے بلات بجلی آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر بنکوں میں جمع کروائیں: ایکسین برقیات بھمبر

بھمبر (بیورو رپورٹ) ایکسین برقیات بھمبر خالد صدیق نے کہا ہے کہ محکمہ برقیات آپریشن ڈویژن بھمبر نے بجلی Defaulters سے ریکوری کے لیے چاروں برقیاتی سب ڈویژن میں SDO's کی سربراہی میں ریکوری ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔ صارفین اپنے بلات بجلی اور بقایا جات آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر بنکوں میں جمع کروائیں۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16

بلدیہ مظفر آباد، چونگیوں کا ٹھیکہ دوسرے سال بھی نیلام نہ ہو سکا

ایڈمنسٹریٹر بلدیہ نے چونگیوں کو تقسیم کر کے من پسند افراد کو غیر قانونی طور پر ٹھیکے الاٹ کر رکھے ہیں

مظفر آباد (لیڈی رپورٹر) دارالحکومت مظفر آباد میں بلدیہ کے زیر اہتمام چونگیوں کا ٹھیکہ دوسرے سال بھی الاٹ نہ کیا جا سکا۔ سیاسی مداخلت کے باعث بلدیہ مظفر آباد بڑی آمدن سے محروم ہے جب کہ ایڈمنسٹریٹر بلدیہ مظفر آباد کی نااہلی کے باعث رواں مالی سال کے دوران چونگیوں کی آمدن کا بڑا حصہ وصول ہے۔ ایڈمنسٹریٹر بلدیہ مظفر آباد نے چونگیوں کو تقسیم کر کے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17

سرکاری اراضی پر رات گئے قبضے کی کوشش کرنے والوں کیخلاف تحصیلدار حماد بشیر پولیس کے ہمراہ کارروائی کر رہے ہیں۔

بھمبر: بائی پاس روڈ پر سرکاری اراضی پر قبضہ کرنیوالے گروپ گرفتار

تحصیلدار حماد بشیر نے ٹریکٹر قبضے میں لے کر 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

بھمبر (بیورو رپورٹ) بھمبر بائی پاس روڈ پر رات گئے سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے والے گروپ کو گرفتار کر لیا گیا۔ تحصیلدار حماد بشیر نے ٹریکٹر قبضے میں لے کر 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بھمبر میں سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے والے راؤف وغیرہ چار افراد کو تحصیلدار بھمبر حماد بشیر نے چھاپہ مار کر اس وقت گرفتار کر لیا جب وہ سرکاری اراضی پر چار
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18

مری کشمیری بازار میں رات گئے ڈکیتی کی وارداتیں، درجنوں گاڑیاں لوٹ لی گئیں

گن پوائنٹ پر قیمتی سامان، شناختی کارڈ، گاڑیوں کی رجسٹریشن بکس بھی چھین لی گئی، پولیس 2 گھنٹے بعد پہنچی

مظفر آباد (خصوصی رپورٹر) مری کشمیری بازار میں رات 3 بجے ڈکیتی کی واردات، گن پوائنٹ پر درجنوں کی گاڑیاں لوٹ لی گئیں۔ گن پوائنٹ پر ڈکیتی کے ساتھ ساتھ قیمتی سامان اور شناختی کارڈ، گاڑیوں کی رجسٹریشن بکس بھی چھین کر فرار ہو گئے۔ گاڑیوں میں سوار خواتین کے ساتھ بھی تلخ آمیز رویہ اختیار کیا اور ان سے بدتمیزی کی گئی جو کسی صورت برداشت نہیں کی جائے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19

اسلام گڑھ پولیس کی کارروائی، ندیم عرف مشکی کو ایک مرتبہ پھر دھر لیا گیا

منشیات فروش ملزم کے قبضہ سے 110 گرام ہیروئن برآمد، مقدمہ درج، تفتیش شروع

اسلام گڑھ (نامہ نگار) اسلام گڑھ پولیس کی کارروائی، ندیم عرف مشکی کو ایک مرتبہ پھر دھر لیا گیا۔ 110 گرام ہیروئن برآمد۔ گزشتہ چند ماہ میں مشکی کو متعدد بار گرفتار کیا گیا۔ مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام گڑھ پولیس نے ہمراہ نفری محمد صابر اے ایس آئی، تنویر احمد، خالد صدیق اور ناظم حسین کے ناکہ روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ندیم عرف مشکی ولد محمد بشیر ساکن مہاجر کالونی اسلام گڑھ کو ایک مرتبہ پھر گرفتار کر کے اس کے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20

Social Media Pakistan 0345-6738217

پنجاب فوڈ اتھارٹی، بلدیہ مظفر آباد اور اسسٹنٹ کمشنر کے مشترکہ چھاپے

مختلف بیکریوں کے کارخانوں سمیت تمام تیار کی جانے والی اشیا خورد و نوش کی چیکنگ

مظفر آباد (لیڈی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر مظفر آباد حفت اعظم کے ہمراہ پنجاب فوڈ اتھارٹی اور بلدیہ مظفر آباد کے مختلف بیکریوں کے کارخانوں سمیت تمام تیار کی جانے والی اشیاء خورد و نوش کی چیکنگ۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر حفت اعظم، بلدیہ کے مجسٹریٹ جاوید شاہ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اہلکاران سمیت دارالحکومت مظفر آباد کی تمام بڑی بیکری
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21

مظفر آباد: اے سی حفت اعظم، بلدیہ مجسٹریٹ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اہلکاران بڑی بیکریوں کی چیکنگ کر رہے ہیں۔

رواں سال ٹیوٹا کے فنی علوم سے نوجوانوں کو پیراستہ کرینگے: مصطفیٰ بشیر عباسی

کچہ سازی، ٹیکنیکل ایجوکیشن کیساتھ ہوٹلنگ کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے طریقے سکھائے جائینگے: وزیر ٹیوٹا

نیلم (بیورو رپورٹ) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کے وزیر ٹیوٹا ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر عباسی نے کہا ہے کہ رواں سال ٹیوٹا کے فنی علوم سے نوجوانوں کو پیراستہ کرینگے۔ کچہ سازی، ٹیکنیکل ایجوکیشن کیساتھ ساتھ ہوٹلنگ کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے لوگوں کو طریقے سکھائے جائیں گے۔ جلد دودھنیال میں صنعتی سکول کا قیام عمل میں لا کر وسطی نیلم کو فنی علوم کے زیور سے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22

مظفر آباد: وفاقی پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پاکستان ایڈیشنل چیف ڈاکٹر آصف کو ڈاکٹر بشریٰ شمس و دیگر آفس سٹاف بریفنگ کے بعد گروپ فوٹو۔

رٹھوعہ ہریام پل کی عدم تعمیر، حکومتی بے حسی کیخلاف تاجروں و شہریوں نے سر جوڑ لیے

پل کی تعمیر میرپور کے شہریوں، تاجروں کیلئے زندگی اور موت کا سوال، بہت جلد احتجاج کی کال دی جائیگی

میرپور (بیورو رپورٹ) رٹھوعہ ہریام پل کی عدم تعمیر، حکومتی بے حسی اور مقامی حکمرانوں کی لاپرواہی کے خلاف عوام میں لاوا پک گیا۔ پل کی عدم تعمیر کے خلاف بڑے احتجاج کے لیے تاجروں، شہریوں اور سول سوسائٹی نے سر جوڑ لیے۔ بہت جلد بڑے احتجاج کی کال دی جائے گی۔ شہری، وکلا، تاجر اور صحافیوں کی کثیر تعداد اس احتجاج میں شرکت کر کے احتجاج کو کامیاب بنانے کی حکومت
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23

مظفر آباد: اپوزیشن لیڈر چوہدری یٰسین و دیگر بینظیر بھٹو شہید کی 66 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں۔

پاکستان کا افغانستان میں جنگ کے خاتمے کیلئے مذاکرات پر زور

افغانستان میں جنگ اور غیر ملکی مداخلت سے پاکستان زیادہ متاثر ہوا: ملیحہ لودھی کا اظہار خیال

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ میں پاکستان نے جنگ سے تباہ حال افغانستان میں جنگ کے خاتمے کیلئے افغانوں کے درمیان مذاکرات شروع کرانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں افغانستان کی صورتحال کے بارے میں ایک مباحثے میں
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24

اثاثوں کی تحقیقات کیلئے نادرا نے آن لائن ایپ متعارف کروا دی

ٹیکس جمع کروانیوالوں کی تفصیلات اب آن لائن دیکھی جا سکتی ہیں: نادرا حکام

اسلام آباد (آئی این پی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شہریوں کے اثاثوں کی تحقیقات کیلئے آن لائن ایپلی کیشن متعارف کروا دی۔ ٹیکس جمع کروانے والوں کی تفصیلات اب آن لائن دیکھی جا سکتی ہیں۔ وزیر مملکت برائے ریونیو حماد
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25

دارالحکومت مظفر آباد میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد خواب بن گیا

پابندی کے باوجود تقریبات میں ہوائی فائرنگ اور آتش بازی کی گونج حکومتی ایوانوں تک سنائی دینے لگی

مظفر آباد (لیڈی رپورٹر) دارالحکومت مظفر آباد میں نیشنل ایکشن پلان اور دفعہ 144 پر عملدرآمد خواب بن گیا۔ قانون کے رکھوالے ہی مل ملا کے بعد نیشنل ایکشن پلان کو دفعہ 144 کی دھجیاں بکھیرنے لگے۔ شادی بیاہ اور دیگر تقریبات میں ہوائی فائرنگ اور آتش بازی پر عمل
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32

تحصیلداران زکوٰۃ دس روز میں فہرستیں مکمل کریں اور رقم دفتر ضلع زکوٰۃ میں جمع کروائیں: راجہ میر حسین

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین ضلع زکوٰۃ و عشر کمیٹی باغ راجہ میر حسین خان نے ضلع بھر میں عشر کی وصولی کے لیے تحصیلداران زکوٰۃ باغ کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وہ دس روز میں فہرستیں مرتب کر کے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33

اسلام آباد میں پانی بحران شدید، ٹینکرز مافیا کا راج، شہری پریشان

متعدد سیکٹروں میں پانی کی شدید قلت، رابطہ کرنے پر میئر اسلام آباد نے فون اٹینڈ نہ کیا

سی ڈی اے اہلکار پانی بیچتے ہیں، ٹینکرز کی تعداد بڑھائی جائے، نیوز ایٹ 7 میں شہری پھٹ پڑے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چینل فائیو کے پروگرام نیوز ایٹ سیون میں شہر اقتدار یعنی اسلام آباد کے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34

چینل ۵ کے پروگرام نیوز ایٹ 7 میں شہری پانی بارے اظہار خیال کر رہے ہیں۔

کوٹلی میں مقدمہ ہارنیوالے فریق کا مخالف وکیل کے دفتر پر حملہ، پولیس نے گرفتار کر لیا

کوٹلی (بیورو رپورٹ) کوٹلی میں مقدمہ ہارنے والے فریق کا مخالف وکیل کے دفتر پر حملہ۔ پولیس نے حملہ آور کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کا تعلق پی ٹی آئی سے بتایا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوٹلی کے نواحی علاقے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36

محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کا 66 واں یوم پیدائش، کوٹلی کوٹ گہل میں کیک کاٹا گیا

مظفر آباد (سٹاف رپورٹر) محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کا 66 واں یوم پیدائش کوٹلی کوٹ گہل میں پروقار تقریب، کیک کاٹا گیا۔ جیالوں کی بڑی تعداد میں شرکت، محترمہ کی ملی خدمات کو خراج عقیدت۔ تفصیلات کے مطابق
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37

باغ: بغیر این او سی خالصہ سرکار پر تعمیرات دھڑلے سے جاری

پی ڈی اے اور محکمہ شاہرات کے قوانین کی دھجیاں، انتظامیہ اور متعلقہ ادارے خواب خرگوش

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) باغ میں مرکزی شاہرات پر بغیر این او سی خالصہ سرکار پر تعمیرات دھڑلے سے جاری، پی ڈی اے اور محکمہ شاہرات کے قوانین کی بھی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں، انتظامیہ اور متعلقہ ادارے اسی طرح خواب خرگوش میں گم رہے تو عوام خود غیر قانونی
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38

بابا گورو نانک کے جنم دن کی تیاریوں کیلئے بھارتی سکھ یاتریوں کو پاکستان آنیکی اجازت

لاہور (آئی این پی) پاکستان نے سکھ مذہب کے بانی، بابا گورو نانک دیو جی کے 550 ویں جنم دن کے موقع پر بھارتی سکھ یاتریوں کو کرتارپور کی تیاریوں کے لیے پاکستان آنے کی اجازت دے دی ہے۔ بھارت کی
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40

اسسٹنٹ کمشنر چڑہوئی کا عدالتی آرڈر ماننے سے انکار، مقدمے کے خود فریق بن گئے

اسسٹنٹ کمشنر چڑہوئی اور بااثر شخصیات کا ستایا ہوا متاثرہ مغل میاں محمد بخش پریس کلب چڑہوئی پہنچ گیا

چڑہوئی (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر چڑہوئی کا عدالتی آرڈر ماننے سے انکار، اے سی چڑہوئی ہٹ دھرمی پر بین مقدمے کے خود فریق بن بیٹھے ہیں۔ مغل اور محمد پولیس نے موقع کی رپورٹس دی ہیں لیکن کارروائی سے قاصر ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر چڑہوئی ڈی سی کوٹلی کا حکم ماننے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39

اے سی چڑہوئی کا ستایا ہوا متاثرہ مغل صحافیوں کو تفصیلات بتا رہے ہیں۔

(ق) لیگ نے وزیراعظم کو بجٹ میں غیر مشروط حمایت کی یقین دہانی کرا دی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ق) نے وزیراعظم کو بجٹ میں غیر مشروط حمایت کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ (ق) لیگ بہت مشکل وقت میں حکومت کا ساتھ دے گی۔ وزیراعظم عمران خان سے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41

بمبئی: مسلمان لڑکے سے محبت کرنے پر راکیش روشن کا بیٹی پر تشدد

مسلمان دہشتگرد ہوتے ہیں: بھارتی ہدایتکار، دہشتگرد ہوتا تو بھارت میں صحافی کیسے بنتا: سنیتا



ممبئی (نیوز ڈیسک) مسلمان لڑکے سے شادی کا ارادہ کرنے پر بھارتی اداکار اور ہدایت کار راکیش روشن نے اپنی بیٹی کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق مسلمان لڑکے سے شادی کا ارادہ کرنے پر بھارتی ہدایت کار راکیش روشن اور رتھک روشن نے اپنی بہن کو
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43

امریکہ نے ایرانی حدود میں پروازوں پر پابندی لگا دی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے اپنے تمام سویلین طیاروں پر آبنائے ہرمز اور خلیج عمان کے اوپر ایران کی فضائی حدود میں پروازوں پر پابندی لگا دی، پابندی سے شمالی
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42

خواتین کو شامل کیے بغیر ترقی کے اہداف حاصل کرنا ممکن نہیں: نسیمہ وانی

حکومت نے بغیر خسارے کے حقیقی بجٹ پیش کیا، ریاست میں ہیلتھ انشورنس کا آغاز کیا جائے

مظفر آباد (سٹاف رپورٹر) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں خاتون رکن اسمبلی نسیمہ وانی نے بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے بغیر خسارے کے تاریخی بجٹ پیش کیا ہے۔ جس سے ریاست کی عوام کی ترقی و خوشحالی ہوگی۔ صحت، تعلیم کے شعبہ پر بجٹ کا بڑا
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45

چیئرمین نیب نے فواد چوہدری کے بیان کا نوٹس لے لیا، کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) قومی احتساب بیورو نے فواد چوہدری، وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے نیب سے متعلق بیان کا نوٹس لے لیا ہے۔ نیب
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44

ایس ایچ او تھانہ سہنسہ عامر فاروق نے دو سال سے زنا کیس میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا

سہنسہ (تحصیل رپورٹر) ایس ایچ او تھانہ سہنسہ عامر فاروق نے گزشتہ دو سال سے زنا کیس میں مطلوب ایک اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ بتایا گیا ہے کہ ملزم ولد محمد حسین سکنہ سہنسہ نے گزشتہ سال ایک خاتون کے
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4

بار کونسل انرولمنٹ کمیٹی کا اجلاس یکم جولائی کو طلب

مظفر آباد (سٹاف رپورٹر) آزاد جموں و کشمیر بار کونسل کی انرولمنٹ کمیٹی برائے ایڈووکیٹ ہائیکورٹ کے چیئرمین جسٹس افضل نے اعلیٰ عدالت ایڈووکیٹ ہائیکورٹ انرولمنٹ کمیٹی کا اجلاس 01/07/2019 بروز سوموار بوقت 9 بجے آفس ممبر بمقام ہائیکورٹ
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5

نظر بندی کیس کی پیروی خود کرنا چاہتا ہوں: ڈاکٹر عبدالقدیر خان

لاہور (آئی این پی) قومی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے نظر بندی اور نقل و حرکت پر پابندی کے خلاف کیس میں درخواست دائر کی ہے کہ وہ مقدمے کی پیروی خود کرنا چاہتے ہیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس سردار محمد شمیم نے درخواست پر ابتدائی سماعت کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8

سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے مون سون الرٹ جاری کر دیا

پہاڑی علاقوں میں غیر ضروری سفر سے گریز اور دریاؤں، ندی نالوں کے قریب نہ جائیں: ترجمان

مظفر آباد (خصوصی خبر نگار) سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مون سون کے دوران احتیاط کا رویہ اختیار کریں۔ پہاڑی علاقوں میں غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور دریاؤں، ندی نالوں کے قریب نہ جائیں۔ ترجمان سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق مون سون کے لیے پیشگی پلان ترتیب دے دیا گیا جسکے تحت متعلقہ اداروں کا
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3

آسٹریلیا کی ٹیم خاصی مضبوط، بڑی ٹیمیں مخالف کو بڑا ٹارگٹ دے رہی ہیں

پی سی بی میں نیچے سے اوپر تک جو لوگ بیٹھے ہیں انہیں کرکٹ کا پتہ ہی نہیں

مصباح کو بیٹنگ کوچ، وکٹ کیپنگ ٹریننگ کے لیے راشد لطیف کو رکھیں: طاہر شاہ



ڈیوڈ وارنر

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق فرسٹ کلاس کرکٹر طاہر شاہ نے کہا ہے کہ اس میں شک نہیں آسٹریلیا کی ٹیم خاصی مضبوط ہے۔ رینکنگ کے حساب سے بھی دیکھا جائے تو آسٹریلیا کا نمبر بہتر ہے موجودہ ورلڈ کپ میچز میں دیکھنے میں آیا ہے کہ بڑی ٹیمیں مخالف ٹیم کو بڑا ٹارگٹ دے رہی ہیں۔ چینل فائیو کے پروگرام گگلی میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6

حکمران جماعت نے ویسٹرن بائی پاس روڈ کو کمائی کا ذریعہ بنا لیا

دارالحکومت میں "گڈ گورننس" کا یہ عالم ہے تو دیہی علاقوں میں کیا صورتحال ہو گی، عوام الناس

مظفر آباد (لیڈی رپورٹر) شہداء ڈکزا کے صدقے ملنے والے فنڈز کے عوض تعمیر ہونے والی ویسٹرن بائی پاس کو حکمران جماعت کے متوالوں نے ایک بار پھر کمائی کا ذریعہ بنا لیا۔ آزاد کشمیر میں ترقیاتی منصوبوں کے نام پر لوٹنے کو کس طرح چونا لگایا جاتا ہے۔ دارالحکومت مظفر آباد میں واپڈا کالونی سے تو جھی پل کو ملانے والی شاہراہ پر دن دیہاڑے مٹی فراریت اور ناقص ترین
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7

مظفر آباد: ویسٹرن بائی پاس پر ترقیاتی کام میں ناقص میٹریل استعمال ہونے پر نگار تصویر میں بارش نے ناقص میٹریل کے استعمال کا پول کھول دیا۔

محکمہ پولیس میں آفیسران کے تبادلے

بھمبر (بیورو رپورٹ) محکمہ پولیس میں آفیسران کے تبادلے، انچارج سی آئی اے انسپکٹر یوسف علی بیگ ایس ایچ او تھانہ مرزا، ابراہیم انچارج سی آئی اے، ایس ایچ او تھانہ چوکی سماہنی، ایس ایچ او سماہنی ایس ایچ او ایل بیگ چوہدری مہندی خان ایس ایچ او چوکی سماہنی تعینات، تمام آفیسران نے اپنے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے

منشیات فروشی کے 44 مقدمات میں ملوث ملزم کی گرفتاری معمہ بن گئی

طاہر نیازی کو پولیس صدر اور تھانہ کی مکمل آشیرباد، ملزم کھلے عام ہیروئن فروخت کر رہا ہے

مظفر آباد (تحصیل رپورٹر) منشیات فروشی کے 44 مقدمات میں ملوث بدنام زمانہ منشیات فروش طاہر نیازی عرف ٹکو قانون سے بالاتر، ہیروئن فروش جن سے زائد کیسوں میں ملوث ملزم کو پولیس گرفتار کرنے میں ناکام ہو گئی۔ امتناع منشیات ایکٹ کے تحت
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9

دریا بچاؤ تحریک کے ذمہ داران کے اعزاز میں گڑھی دوپٹہ میں شاندار استقبالیہ

دریاؤں کا رخ تبدیل کرنا غیر فطری، مظفر آباد کو بچانے کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے: راجہ علی شوکت نواز

مظفر آباد (تحصیل رپورٹر) دریا بچاؤ تحریک کے ذمہ داران کے اعزاز میں گڑھی دوپٹہ میں شاندار استقبالیہ، بڑی تعداد میں تاجر برادری، سیاسی، سماجی اور صحافتی حلقوں کی شرکت، مظفر آباد کو بچانے کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم، تفصیلات کے مطابق
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10

شجرکاری کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کر رہے ہیں: سردار میر اکبر

آزاد کشمیر اور پاکستان کی بقا صرف اور صرف شجرکاری اور شجر پروری میں ہے: وزیر جنگلات

مظفر آباد (خصوصی خبر نگار) آزاد کشمیر کے وزیر جنگلات سردار میر اکبر خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے معدنی وسائل، جنگلات، پانی و جنگل پاکستان کی پائیدار ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں آزاد کشمیر میں زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر آنے والی نسلوں کے لیے سرسبز
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11

سیکرٹری جموں و کشمیر لبریشن سیل منصور قادر ادارہ ایشیا کے ایس پی ایڈ کے اہلکاروں آزاد کشمیر کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا کے قبائلی علاقوں میں انصاف روزگار پروگرام پر پابندی عائد

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا کے قبائلی علاقوں میں انصاف روزگار پروگرام پر پابندی لگا دی۔ ترجمان الیکشن کمیشن الطاف خان کے مطابق وزیراعلیٰ کے پی کے محمود خان کی جانب سے قرضے دینے کی تقریب قانون کیخلاف ورزی تھی، تقریب انتخابی عمل پر اثر انداز ہونے کی کوشش
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12

قبائلی اضلاع میں انتخابات کی سیکورٹی پاک فوج کے سپرد، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن نے قبائلی اضلاع میں انتخابات کی سیکورٹی پاک فوج کے سپرد کر دی، قبائلی اضلاع کے حلقوں میں تمام پولنگ اسٹیشنز کے اندر اور باہر پاک فوج کے جوان تعینات ہوں گے، الیکشن کمیشن نے قبائلی اضلاع میں انتخابات کے موقع پر پاک فوج تعینات کرنے کے لیے نوٹیفکیشن
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13

دی آئی پی قیدی نے پارلیمنٹ آ کر این آر او مانگا: فردوس عاشق

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کی معاون خصوصی اطلاعات و نشریات فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ ایک وی آئی پی قیدی گزشتہ روز پارلیمنٹ آئے اور این آر او مانگا، آصف زرداری نے کہا کہ حساب کتاب بند کر دیا جائے اس سے لوگ خراساں ہو رہے ہیں، وزیراعظم کا عہد تھا کہ قانون کا اطلاق طاقتور
باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14

چیف ایڈیٹر ضیا شاہد
ایڈیٹر امتنان شاہد
daily.khabrain@gmail.com
khabrain@khabrain.com

ایران کی طرف سے امریکی ڈرون گرانے کے بعد وائٹ ہاؤس میں ہلچل

امریکہ ایران تنازعہ، عالمی امن خطرے میں

طاہر انجم

ایران پر حملے کا حکم جاری کرنے کے اگلے ہی لمحے ڈونلڈ ٹرمپ نے فیصلے پر عمل درآمد روک دیا

خلیجی پانیوں میں امریکی بحری بیڑے کی موجودگی اور لڑاکا طیاروں کی فضا میں گھن گرج نے پورے خطے میں خوف کی فضا طاری کر رکھی ہے۔ ذرا سی غفلت یعنی ایک معمولی سی چنگاری پوری دنیا کے امن کو تہ و بالا کر سکتی ہے۔ ایران امریکہ چپقلش اپنی انتہا کو چھو چکی ہے۔ ایک طرف امریکہ ایران کو زیر کرنے کیلئے کسی بھی حد تک جانے کو تیار رہتا ہے تو دوسری جانب ایران بھی اپنی میزائل ٹیکنالوجی کے بل بوتے پر امریکہ کے سامنے پوری قوت سے ڈٹ چکا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایران کی جانب سے امریکی فوجی ڈرون گرائے جانے کے بعد صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ جمعرات کے روز ایران کے خلاف جوابی عسکری کارروائیوں کی منظوری دی تاہم کل جمعے کی صبح انہوں نے اپنا ذہن تبدیل کر لیا۔ وائٹ ہاؤس کے سینئر اہلکاروں کا حوالہ دیتے ہوئے اخبار نیو یارک ٹائمز کا کہنا تھا کہ منتخب اہداف کے خلاف حملوں کی منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ آپریشن مبینہ طور پر 'اپنے ابتدائی مراحل'

میں تھا جب ٹرمپ نے امریکی فوج کو رک جانے کا حکم دیا۔ اخبار کے مطابق یہ کارروائیاں امریکی جاسوس ڈرون کو ایران کی جانب سے جمعرات کے روز مار گرائے جانے کے ردعمل میں تھیں۔ جوابی حملوں کے لیے جمعے کا سورج طلوع ہونے سے پہلے کا وقت منتخب کیا گیا تھا تاکہ ایرانی افواج یا پھر شہریوں کو متوقع خطرے کو کم رکھا جا سکے۔ فی الوقت یہ واضح نہیں ہے کہ مبینہ حملے اب بھی کیے جا سکتے ہیں یا یہ کہ منصوبہ ختم کر دیا گیا ہے۔ وائٹ ہاؤس اور پینٹاگون کی جانب سے ان اطلاعات پر کوئی تبصرہ جاری نہیں کیا گیا ہے۔ نیو یارک ٹائمز نے امریکہ کے مبینہ حملوں کی تفصیلات ابتدائی طور پر گزشتہ جمعرات کے روز رات گئے شائع کی تھیں، اس کے بعد کئی امریکی میڈیا اداروں نے آزادانہ طور پر یہ خبر رپورٹ کی۔ اخبار کا کہنا تھا کہ مقامی وقت کے مطابق شام سات بجے امریکی

عسکری اور سفارتی حکام امید کر رہے تھے کہ طے شدہ اہداف یعنی ایرانی ریڈار اور میزائل سسٹم کو نشانہ بنایا جائے گا۔ اخبار نے ایک نامعلوم سینئر انتظامی اہلکار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "طیارے فضا میں اور بحری جہاز اپنی پوزیشنز سنبھال چکے تھے مگر پھر رک جانے کا حکم آنے پر کوئی میزائل فائر نہیں کیا گیا۔"

ڈرون کے ساتھ کیا ہوا؟ گزشتہ روز جمعرات کی صبح پاسداران انقلاب نے اعلان کیا کہ اس کی فضائیہ نے ایک امریکی "جاسوس" ڈرون کو جنوبی صوبے ہرمزگان کے علاقے کوہ مبارک کے نزدیک ایران کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرنے پر مار گرایا ہے۔

بعد میں امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ نے تصدیق کی کہ ایران نے زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائل کے ذریعے امریکی بحریہ کا وسیع بحری علاقے پر نظر رکھنے والا طیارہ براڈ ایریا میری ٹائم سرویلنس (BAMS-D) گرا دیا ہے مگر امریکی ملٹری کے حکام کا دعویٰ ہے کہ ڈرون اس وقت آبنائے ہرمز میں بین الاقوامی فضائی حدود میں

موجود تھا۔ اس کے جواب میں امریکہ کی فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن (ایف اے اے) نے جمعرات کو ایک ہنگامی حکم نامہ جاری کرتے ہوئے امریکی ایئر لائنز کو تہران کے زیر انتظام پانیوں کے اوپر اڑان بھرنے سے منع کر دیا۔ جس وقت امریکی ڈرون گرایا گیا اس وقت اس علاقے میں متعدد سویلین طیارے آپریٹ کر رہے تھے۔ ایران کا دعویٰ ہے کہ ایک بغیر پائلٹ کا طیارہ جمعرات کی صبح اس کی فضائی حدود میں داخل ہوا جبکہ امریکہ کا موقف ہے کہ اس کے طیارے کو بین الاقوامی فضائی حدود میں گرایا گیا۔ یہ پیش رفت ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب دونوں ممالک کے درمیان تناؤ تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ امریکہ نے حال ہی میں ایران پر خطے میں موجود آئل ٹینکروں پر حملوں کا الزام عائد کیا ہے جبکہ ایران نے اعلان کیا ہے کہ وہ جلد ہی اپنے

2015 میں بین الاقوامی طاقتوں کے ساتھ طے پانے والی حد عبور کر لے گا۔ ایران نے یورینیم افزودگی امریکہ کی جانب سے سخت اقتصادی پابندیوں کے ردعمل میں شروع کی۔

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے خبردار کیا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ ایک ایسا سانحہ ہوگا جس کے نتائج کی پیشگوئی نہیں کی جا

کہ امریکہ کو ایران کے ساتھ جنگ کی ضرورت نہیں ہے جبکہ ڈیموکریٹس کی جانب سے صدارتی نامزدگی کے صف اول کے امیدوار جو بائیڈن نے صدر ٹرمپ کی ایران سے متعلق حکمت عملی کو خود کش ساتھ قرار دیا ہے۔ امریکی سینیٹ میں ڈیموکریٹس کے رہنما چک شومر نے کہا صدر شاید جنگ نہ چاہتے ہوں مگر ہمیں فکر ہے کہ وہ اور

موجودہ لشکر کشی کا مقصد ایران پر معاشی دباؤ بڑھا کر امریکی کیمپ میں آنے پر مجبور کرنا ہے تاکہ بین الاقوامی تناظر میں ایران کا روس اور چین کی صف میں شامل ہونے سے امریکی مفادات بری طرح مجروح ہوتے ہیں دوسری جانب ایرانی صدر حسن روحانی نے اپنے ترک ہم منصب طیب اردگان سے خطے کو دہشت گردی اور بدامنی سے

باہمی تجارت کے لین دین کیلئے مقامی کرنسی کے استعمال کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مشرق وسطیٰ میں نہتے لوگوں کے قتل عام پر صدمے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور ترکی خطے کے دوست اور اسلامی ممالک سے مل کر عالم اسلام کے مسائل حل کر سکتے ہیں جس کے جواب میں ترک صدر نے معاشی شعبے میں دونوں ممالک

حل کر دہشت گردی اور خطے میں امن و استحکام کے حوالے سے موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ طیب اردگان اور حسن روحانی کا باہم رابطہ مسلم امہ کے حوالے سے خوش آئند بھی ہے اور امید افزا بھی۔ اگر 60 کے عشرے میں ہونے والے آر سی ڈی معاہدہ جو پاکستان ایران اور ترکی کے مابین ایک علاقائی باہمی اتحاد و یکجہتی پر مبنی تھا کو اسلامی بھائی چارے کے جذبے سے فروغ دیا جاتا تو آج عالم اسلام اس رسوائی و پسپائی کی کیفیت سے دو چار نہ ہوتا اور نہ ہی اسلامی کانفرنس (او آئی سی) (اتنی بے اثر اور بے وقعت دکھائی دیتی۔ آج بھی اگر مسلم امہ ہوش کے ناخن لے مسلکی اور علاقائی تفرقوں کو پس پشت ڈال کر تمام تر وسائل کو امت کے مسائل کے حل کیلئے بروئے کار لائیں تو ایک عظیم باوقار مسلم ملت ثابت ہو سکتی ہے وہ مسلم ملت جس کا خواب جمال الدین افغانی، حسن بنا مدحت پاشا اور حکیم الامت علامہ اقبال نے دیکھا تھا۔

یاد رہے کچھ روز قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خصوصی فوجی دستے پاسداران انقلاب کو غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دیا تھا۔ صدر ٹرمپ کی طرف سے یہ ایک ایسا اعلان ہے جس کی مثال نہیں ملتی۔ یہ پہلا موقع ہے کہ امریکہ نے کسی دوسرے ملک کی فوج کو دہشت گرد تنظیم کہا ہے۔ وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ ایران کے دستے پاسداران انقلاب عالمی سطح پر اس کی دہشت گردی کی مہم پھیلانے کا ایک ذریعہ ہیں۔ صدر ٹرمپ کی طرف سے امریکہ کو ایران کے ساتھ ہونے والے عالمی جوہری معاہدے سے الگ کیے جانے کے بعد سے دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی بڑھ چکی تھی۔ ماضی میں پاسداران

انقلاب اور ان سے وابستہ تنظیموں پر دہشت گردی پھیلانے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی بنیاد پر مختلف مواقع پر پابندیاں لگ چکی ہیں۔ امریکی صدر نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ محکمہ خارجہ کی طرف سے یہ فیصلہ جس کی مثال نہیں ملتی اس حقیقت کی روشنی میں لیا گیا ہے کہ ایران نہ صرف دہشت گردی کو فروغ دیتا ہے بلکہ پاسداران انقلاب ریاستی حکمت عملی کے طور پر دہشت گردی کو فروغ دے رہے ہیں اور اس کے لیے فنڈنگ کرتے ہیں۔

صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ان کے فیصلے کا مقصد ایران پر دباؤ بڑھانا ہے۔ انھوں نے کہا جو بھی پاسداران انقلاب سے رابطہ رکھے گا وہ دراصل دہشت گردی کو فروغ دے گا۔ امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو کا بھی کہنا تھا کہ پاسداران انقلاب کے خلاف فیصلہ پر ایک ہفتے میں عمل درآمد ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ امریکہ ایران پر بہتر رویے اپنانے کے لیے دباؤ بڑھاتا رہے گا۔ انھوں نے توقع ظاہر کی کہ امریکی اتحادی بھی ایسا ہی کریں گے۔ انکا کہنا تھا کہ ایران کی قیادت انقلابی نہیں ہے اور ہمیں ایران کی عوام کو ان سے آزاد کروانے کے لیے ان کی مدد کرنی چاہیے۔

ایرانی سیاست دانوں نے امریکہ کو اسی کی زبان میں جواب دینے کا عہد کیا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ امریکہ کے اس فیصلے کے بعد خطرہ پیدا ہو گیا ہے کہ اس کے مخالفین اس کی فوج اور اس کے خفیہ اداروں کے خلاف ایسے ہی اقدام کریں گے۔ وال سٹریٹ جرنل کے مطابق امریکی وزارت دفاع کے کچھ حکام اور فوج کے چیئرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف جنرل جوزف ڈنفرڈ نے اس فیصلے پر تشویش ظاہر کی تھی۔ فوجی حکام کا کہنا تھا کہ ایسا کرنے سے مشرق وسطیٰ میں تعینات امریکی فوجیوں کے خلاف پر تشدد کارروائیاں ہونے کا امکان پیدا ہو جائے گا۔ جبکہ اطلاعات کے مطابق سی آئی اے نے بھی اس فیصلے کی مخالفت کی ہے۔ ☆☆☆

امریکی ڈرون گرانے کے بعد ایران کا ایک واضح پیغام کہ ہماری سرحدیں ہمارے لیے سرخ لکیر کی مانند ہیں اور جو بھی دشمن انھیں پار کرنے کی کوشش کرے گا اسے تباہ کر دیا جائے گا

Social Media Pakistan 0345-6738217

خلیجی پانیوں میں امریکی بحری بیڑے کی موجودگی اور لڑاکا طیاروں کی فضا میں گھن گرج نے پورے خطے میں خوف کی فضا طاری کر رکھی ہے

روسی صدر نے بھی خبردار کیا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ ایک ایسا سانحہ ہوگا جس کے نتائج کی پیشگوئی نہیں کی جاسکتی

نیوکلیئر پروگرام کی بین الاقوامی طور پر طے شدہ حدود کو عبور کرے گا۔

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی جانب سے امریکی ڈرون مار گرائے جانے کے ردعمل میں کہا ہے کہ ایران نے بہت بڑی غلطی کی ہے۔ اس سے پہلے امریکہ نے تصدیق کی تھی کہ ایران نے اس کا ایک فوجی ڈرون مار گرایا ہے۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ ایران کی جانب سے ان کے ایک فوجی ڈرون کو آبنائے ہرمز کے اوپر بین الاقوامی فضائی حدود میں زمین سے فضا میں داغے گئے ایک میزائل کے ذریعے نشانہ بنایا گیا۔ اطلاعات کے مطابق ڈرون یو ایس نیوی آر کیو فور اے گلوبل ہاک تھا۔ آبنائے ہرمز اتنی اہم کیوں ہے؟ ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا تھا کہ انھوں نے ایرانی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرنے والے ایک امریکی جاسوس ڈرون کو مار گرایا ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق ملک کی افواج نے ایران کے جنوبی صوبہ ہرمزگان میں کوہ مبارک کے نزدیک آر کیو 4 گلوبل ہاک ڈرون کو نشانہ بنایا۔ کوہ مبارک، جہاں ایران کے مطابق اس نے جمعرات کو ڈرون مار گرایا، آبنائے ہرمز کے نزدیک ہے جو کہ تیل کی بین الاقوامی ترسیل کا ایک اہم راستہ ہے۔

پاسداران انقلاب کے سربراہ حسین سلامی نے امریکی ڈرون کی تباہی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تہران بیرونی جارحیت کے خلاف کھڑا ہے۔ جمعرات کے روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ امریکی ڈرون گرا کر انھوں نے ایک واضح پیغام بھیجا ہے کہ ہماری سرحدیں ہمارے لیے سرخ لکیر کی مانند ہیں اور جو بھی دشمن انھیں پار کرنے کی کوشش کرے گا اسے تباہ کر دیا جائے گا۔ ہم اعلانیہ کہتے ہیں کہ ہم کسی ملک کے ساتھ جنگ نہیں چاہتے لیکن ہم اس کے لیے تیار ہیں۔ یہ پیشرفت پینٹاگون کی جانب سے خطے میں مزید 1000 فوجی تعینات کرنے کے اعلان کے کچھ ہی دن بعد ہوئی ہے۔ واشنگٹن نے حال ہی میں ایران پر الزام عائد کیا ہے کہ اس نے خلیج عمان میں بارودی سرنگوں کے ذریعے آئل ٹینکروں کو نشانہ بنایا۔ اس کے بعد تناؤ میں مزید اضافہ پیر کے روز ہوا جب ایران نے اعلان کیا کہ اس کے پاس موجود کم سطح تک افزودہ یورینیم اگلے ہفتے

سکتی۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گتیریس نے بھی فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ تناؤ بڑھ جانے سے زیادہ سے زیادہ گریز کریں۔ ڈیموکریٹک پارٹی سے تعلق رکھنے والی امریکہ کے ایوان نمائندگان کی اسپیکر نینسی پیلوسی نے کہا ہے

انتظامیہ جنگ تک پہنچ جائیں۔ غور طلب بات یہ ہے کہ اگر ایران امریکہ تنازعہ لڑائی کی شکل میں بدل گیا تو پورے خطے کا مستقبل تباہی و بربادی ہوگا۔ بعض ماہرین کے مطابق ایران امریکہ تنازعہ کوئی نئی بات نہیں۔ امریکہ کی

پاک کرنے کیلئے بحیثیت دو طاقتور مسلم ممالک کے درمیان تعاون میں وسعت کے حوالے سے ٹیلی فون پر بات کرتے ہوئے باہمی تعاون کو وقت کی ضرورت قرار دیا۔ صدر روحانی نے دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات کے فروغ سمیت

